ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (281)

مورخہ 18/05/2023

**بہاولپور (                ) پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن۔گزشتہ روز مختلف مقدمات میں متعدد ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں منشیات، شراب و ناجائز اسلحہ برآمد۔معاشرتی جرائم کا خاتمہ ہی پرامن معاشرے کی بقا کی ضمانت ہے۔ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے سماج دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاون جاری رہے گا۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ کینٹ اور عباسنگر پولیس نے 03 ملزمان اللہ نواز، محمد اکرم اور محمد اشفاق کو گرفتار کر کے قبضہ سے 03 کلو 120 گرام چرس برآمد کر لی۔ تھانہ صدر بہاولپور اور عنائیتی پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 02 ملزمان محمد علی اور شاہد چنڑ کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 145 لیٹر دیسی شراب و لہن 60 لیٹر معہ 01 چالو بھٹی برآمد کر لی۔جبکہ تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے 01 ملزم ذوالفقار علی کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 01 عدد رپیٹر 12 بور برآمد کر لیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر لیے گئے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ ایسے گھناونے کام کرنے والے جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈاؤن کرتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تاکہ معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کیا جاسکے۔عوام الناس کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے کے لئے بہاولپور پولیس شب و روز مصروف عمل ہے۔معاشرتی جرائم کا خاتمہ ہی پرامن معاشرے کی ضمانت ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



**بہاولپور: پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاون، گزشتہ روز مختلف مقدمات میں بھاری مقدار میں منشیات، شراب و ناجائز اسلحہ سمیت 6 ملزمان گرفتار۔**

ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(282)

18-05-2023

**بہاولپور(        )ڈی پی او سید محمد عباس نے بہاولپور کو جرائم پیشہ عناصر سے پاک کرنے اور تمام قومی و صوبائی شاہراہوں سمیت ضلع بھر کی تمام سڑکوں کو محفوظ بنانے کے لئے کل وقتی اور موثر پولیس پٹرولنگ کے احکامات جاری کر دیئے، ہر قسم کی مارکیٹوں، رہائشی علاقوں اور شاہراہوں کو وارداتوں سے محفوظ رکھنا ہمارا اولین فرض ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر آف جنوبی پنجاب کی پالیسی 'جرائم سے پاک معاشرہ 'اس ضمن میں جاری ہدایات کی روشنی اور 24/7 پولیسنگ کا تسلسل میں ڈی پی او سید محمد عباس نے ضلع بھر کے پولیس افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ قانون کی حکمرانی کے حوالے سے پولیس کی کارکردگی اس بات پر منحصر ہے کہ مارکیٹس ، رہائشی علاقے اور عام سڑکیں کس قدر محفوظ ہیں،انہوں نے کہا کہ "پرامن بہاولپور " کی منزل حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ مارکیٹوں، رہائشی علاقوں اور شاہراہوں کو ہر حوالے سے محفوظ بنایا جائے۔اس ضمن میں سڑکوں پر پولیس کی کل وقتی پٹرولنگ ناگزیر ہے جسے ضلع بھر میں لازمی قرار دے دیا گیا ہے، پٹرولنگ کو میں خود مانیٹر کروں گا، پٹرولنگ کرنے والے افسران کی پوزیشن پوچھوں گا اسے کانٹر چیک کرایا جائے گا، ڈی پی او سید محمد عباس نے کہا کہ ہم موثر گشت کو یقینی بناتے ہوئے قومی شاہراہ سمیت ضلع کی تمام بڑی اور ضمنی سڑکوں کو سنگین وارداتوں سے محفوظ بنائیں گے اور ان پر ٹریفک کی کل وقتی روانی کو بھی یقینی بنایا جائے گا کیونکہ محفوظ شاہرات" محفوظ بہاولپور " کی ابتدا ہے۔

**ترجمان پولیس بہاولپور**